روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
جمعرات 10 دسمبر 2015ء 27 صفر 1437 ہجری 10 فتح 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 280

سابقہ پیشگوئیوں کو پورا کرنے والا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اور جب بھی ان کے پاس اللہ کی طرف سے کوئی رسول آیا جو اس کی تصدیق کرنے والا تھا جو ان کے پاس تھا تو ان میں سے ایک گروہ نے جنہیں کتاب دی گئی اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا، گویا وہ علم ہی نہ رکھتے ہوں۔ (البقرہ:102)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

رسول اللہؐ کی عظیم تعلیمات:

ہر نبی جو دنیا میں آیا اسی کا یہی کام تھا کہ وہ تلاوت آیات کرتا۔ کتاب اللہ کی تعلیم دیتا احکام کی حکمتیں بتاتا اور تزکیہ نفوس کرتا اور یہی کام محمد رسول اللہ ﷺ نے بھی سرانجام دینے تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے نہ صرف دعائے ابراہیمی کو قبول فرما کر بنو اسماعیل میں سے ایک عظیم الشان رسول بھیج دیا جس نے یہ چاروں کام کئے بلکہ اسے وہ مقام فضیلت بھی عطا فرمایا کہ اس نے تلاوت آیات۔ تعلیم کتاب تعلیم حکمت اور تزکیہ نفوس میں ایسا نمایاں کام کیا۔ جس کی نظیر دنیا کے کسی اور نبی کی زندگی میں نظر نہیں آتی اور درحقیقت یہی وہ کوثر ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ کو عطا کیا گیا۔

(تفسیر کبیر جلد 2 ص 190)

ساری دنیا کی طرف مبعوث ہوئے:

رسول کریم ﷺ نے یہ دعویٰ فرمایا کہ آپ ساری دنیا کی طرف مبعوث ہوئے ہیں اور پھر آپ نے یہ بھی دعویٰ فرمایا کہ تمام متفرق قوموں اور جماعتوں کو میرے ذریعے دین واحد پر اکٹھا کر دیا جائے گا۔ دیکھو کس عجیب رنگ میں اور کس شان و شوکت سے یہ پیشگوئی پوری ہوئی۔ آخر مختلف اقوام عالم کے ایک جگہ جمع کر دینے کی خبر سوائے خدا کے اور کون دے سکتا تھا اور آئندہ جو کچھ مقدر ہے وہ تو اس سے بھی زیادہ ہے۔

(تفسیر کبیر جلد 2 ص 165)

روحانی خورشید:

قرآن کریم میں روحانی نظام کو جسمانی نظام سے مشابہت دی ہے۔ سورۃ الاحزاب میں اللہ تعالیٰ رسول کریمؐ کی نسبت فرماتا ہے یٰٓایھا النبی......(ع 6/3) اے نبیؐ ہم نے تجھے گواہ اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور روشن سورج بنا کر بھیجا ہے۔ جیسا کہ دوسری آیات سے ظاہر ہے۔ رسول کریم ﷺ نظام نبوت کے لئے بطور مرکز کے ہیں۔ جس طرح سورج نظام دنیاوی کے لئے بطور مرکز کے ہے۔ پس آپ کو سورج کہہ کر بتایا ہے کہ روحانی آسمان میں تیرے سوا اور ستارے اور چاند بھی ہیں جو سب کے سب تیرے گرد گھومتے ہیں۔ یہ ستارے اور چاند دوسرے انبیاء ہیں جن کی نبوتیں رسول کریم ﷺ کے لئے بطور ارہاص کے تھیں اور سب نبی آپؐ کے گرد ستاروں کی طرح چکر کھاتے ہیں۔ جس طرح وسیع روحانی نظام میں دوسرے انبیاء رسول کریم ﷺ کے لئے بمنزلہ ستاروں کے تھے اور آپؐ ان میں سورج کے طور پر تھے اسی طرح ایک چھوٹے دائرہ میں آپؐ بمنزلہ سورج کے تھے اور آپؐ کے صحابہ بمنزلہ ستاروں کے تھے۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ اصحابی کالنجوم......(مشکوٰۃ المصابیح باب مناقب الصحابہ) میرے صحابہ میرے گرد ایسے ہیں جس طرح سورج کے گرد ستارے اور جس طرح ستارے جب تک سورج کے نظام سے وابستہ رہتے ہیں۔ لوگوں کو راہ دکھانے کا موجب ہوتے ہیں۔ اسی طرح میرے اصحاب میں سے جو میرے نظام سے وابستہ رہیں گے۔ وہ ستاروں کا کام دیں گے۔ جزوی اختلافات کے باوجود ان میں سے جس کی اتباع بھی تم کرو گے ہدایت پا جاؤ گے۔

(تفسیر کبیر جلد 4 ص 30)

حضور انور کا اختتامی خطاب

جلسہ سالانہ قادیان

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ قادیان سے مورخہ 28 دسمبر 2015ء کو اختتامی خطاب ارشاد فرمائیں گے۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر یہ خطاب براہ راست نشر کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے اوقات پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل ہوں گے۔

نشریات کا آغاز: 2:45pm
جلسہ قادیان کی جھلکیاں: 2:55pm
خطاب حضور انور: 3:30pm

احباب اس خطاب سے خود بھی استفادہ کریں اور دوسروں کو بھی تاکید کریں۔

نصاب ششماہی سوئم واقفین نو

قرآن کریم: پارہ 18 نصف آخر
معہ ترجمہ از حضرت میر محمد اسحٰق
مطالعہ تفسیر: سورۃ الکہف کی تفسیر از تفسیر صغیر
تاریخ احمدیت: دینی معلومات
شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان
مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود:
ضرورت الامام
علمی مسائل: صداقت حضرت مسیح موعود
قرآن کریم و احادیث کی روشنی میں

واقفین نو اس کی تیاری کریں۔ سیکرٹریان وقف نو، مربیان و معلمین کرام تیاری میں واقفین نو کی مدد فرمائیں۔

17 جنوری 2016ء کو امتحان ہوگا۔ مربیان، معلمین اور طلباء جامعہ احمدیہ اس امتحان میں شامل نہیں ہوں گے۔ جو واقفین نو چاروں ششماہیوں کا امتحان دے چکے ہیں ان کیلئے یہ امتحان لازمی نہیں ہے۔ وہ قرآن کریم کا ترجمہ مع تفسیر احادیث اور کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ جاری رکھیں۔

(وکیل وقف نو تحریک جدید ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

انعامی سکالرشپس 2015ء

زیر انتظام: نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان

درخواست دہندگان سکالرشپ فارم پر اپنے کوائف مہیا کریں۔ غیر تصدیق شدہ اور نامکمل فارم قابل قبول نہ ہوں گے۔ نیز واقفین نو اپنا حوالہ نمبر بھی درج کریں درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2015ء ہے۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ نے امتحانات 2015ء میں زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی طلباء وطالبات کیلئے مندرجہ ذیل انعامی سکالرشپس کا اعلان کیا ہے۔ ان سکالرشپس کیلئے پاکستان بھر کے احمدی طلباء وطالبات درخواست دے سکتے ہیں خواہ ان کی بورڈ/ یونیورسٹی میں کوئی پوزیشن ہو یا نہ ہو۔ تمام انعامات بلحاظ پوزیشن دیئے جائیں گے اور تمام پوزیشنز نظارت تعلیم میں موصول ہونے والی درخواستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہیں۔ قواعد وضوابط اور درخواست دینے کا طریقہ کار آخر میں درج ہے۔ سکالرشپس کو تین مختلف Categories میں تقسیم کیا گیا ہے۔

☆ جنرل سکالرشپس ☆ میڈیکل سکالرشپس
☆ دیگر سکالرشپس

جنرل سکالرشپس

اس سے مراد وہ سکالرشپس ہیں جو صرف زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی طلبہ/ طالبات کو دیئے جاتے ہیں ان کے لئے مزید کسی قسم کی کوئی شرط نہ ہے۔ ان سکالرشپس کے نام درج ذیل ہیں۔

☆ صدیق بانی میٹرک سکالرشپ
☆ صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ
☆ خورشید عطاء سکالرشپ

صدیق بانی میٹرک سکالرشپ

پاکستان میں کسی بھی بورڈ میں میٹرک کے دونوں گروپس جنرل گروپ اور سائنس گروپ میں جو طلبہ/ طالبات سب سے زیادہ نمبر حاصل کریں گے ان کو مبلغ دس، دس ہزار روپے کے دو انعام دیئے جائیں گے۔ انعام کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ایک انعام جنرل گروپ اور ایک انعام سائنس گروپ کے طلبہ کو دیا جائے گا۔

صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ:

کسی بھی بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کے درج ذیل تینوں گروپس کے لئے حسب تفصیل انعامات دیئے جائیں گے۔

☆ پری میڈیکل گروپ ☆ پری انجینئرنگ گروپ
☆ جنرل گروپ (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ کے علاوہ باقی تمام Combinations)

درج بالا تینوں گروپس میں جو طلبہ/ طالبات سب سے زیادہ نمبرز حاصل کریں گے ان کو پچیس پچیس ہزار روپے مع گولڈ میڈل کے تین انعامات دیئے جائیں گے۔ انعام کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

خورشید عطاء سکالرشپ:

کسی بھی بورڈ میں انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل گروپ میں دوسری پوزیشن، انٹرمیڈیٹ پری انجینئرنگ گروپ میں دوسری پوزیشن اور انٹرمیڈیٹ جنرل گروپ میں دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو پچیس پچیس ہزار روپے کے چار انعامات دیئے جائیں گے۔ انعام کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

میڈیکل سکالرشپس

یہ سکالرشپس ایسے طلباء و طالبات کو دیئے جائیں گے جنہوں نے پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ میڈیکل کالج/ یونیورسٹی میں ایم بی بی ایس میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ سکالرشپس کا فیصلہ انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ موصولہ درخواستوں پر بلحاظ پوزیشن یہ سکالرشپس دیئے جاتے ہیں۔ ان سکالرشپس کے نام درج ذیل ہیں۔

☆ ڈاکٹر عبدالسمیع سکالرشپ ☆ مرزا مظہر احمد سکالرشپ ☆ امۃ الکریم زیروی سکالرشپ ☆ سندس باجوہ سکالرشپ ☆ ملک دوست محمد سکالرشپ ☆ حفیظن بیگم مرزا عبدالحکیم بیگ سکالرشپ ☆ رفیع اظہر سکالرشپ

دیگر سکالرشپس

اس سے مراد وہ سکالرشپس ہیں جن کا اپنا اپنا طریقہ کار ہے۔ ہر ایک سکالرشپ کا طریقہ کار اس کے نیچے درج ہے۔ ان سکالرشپس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

خالدہ افضل سکالرشپ

پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے دوسالہ گریجوایشن میں سب سے زیادہ نمبرز حاصل کرنے والے دو طلباء و طالبات کو پینتیس، پینتیس ہزار روپے کے دو انعامات دیئے جائیں گے۔ گریجوایشن (بی اے/ بی ایس سی) میں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء وطالبات اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ جو کہ پہلی اور دوسری پوزیشن ہولڈر کو دیا جائے گا۔

ملک مقصود احمد شہید (سرائے والا) سکالرشپ

ایسے طلباء وطالبات جنہوں نے کسی منظور شدہ یونیورسٹی سے M.Com یا B.Com (Hons) چار سالہ کورس پاس کیا ہو ان کو بیس بیس ہزار روپے کے انعامات اور جن طلباء وطالبات نے B.Com دوسالہ پروگرام پاس کیا ہو ان کو پندرہ ہزار روپے کا انعام دیا جائے گا۔ انعامات کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ یہ انعامات موصولہ درخواستوں میں پہلی پوزیشن پر آنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیئے جائیں گے۔

پروفیسر رشیدہ تسنیم خان سکالرشپ

پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ ادارہ میں ایم اے اردو، ایم اے فارسی یا ایم اے عربی میں سے کسی ایک میں ریگولر داخلہ حاصل کیا ہو۔ داخلہ حاصل کرنے والے ہر طالبعلم/ طالبہ کو پچیس پچیس ہزار روپے کے انعام دیئے جائیں گے۔ سکالرشپ کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں گریجوایشن (کسی بھی پروگرام) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد اور ایم اے اردو، ایم اے فارسی یا ایم اے عربی میں داخلہ حاصل کرنے کی شرط پر ہوگا یہ سکالرشپس موصولہ درخواستوں میں پہلی پوزیشن پر آنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیئے جائیں گے۔ جن میں سے ایک سکالرشپ ایم۔ اے اردو، ایک سکالرشپ ایم اے فارسی اور ایک سکالرشپ ایم اے عربی میں داخلہ حاصل کرنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جائے گا۔

عبدالوہاب خیر النساء سکالرشپ

(صرف واقفین نو طلباء و طالبات کے لئے۔ جبکہ واقفین نو دیگر سکالرشپس میں بھی درخواست دے سکتے ہیں)

یہ انعامات ایسے واقفین نو طلباء و طالبات کے لئے ہیں جنہوں نے کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے بی ایس (چار سالہ) یا ایم ایس سی کسی بھی مضمون میں پاس کیا ہو۔ انعامات کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ موصولہ درخواستوں میں بی ایس (چار سالہ) میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم/ طالبہ کو بیس ہزار روپے اور ایم ایس سی میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم/ طالبہ کو پچیس ہزار روپے کا انعام دیا جائے گا۔

میاں عبدالحی سکالرشپ

یہ سکالرشپ پاکستان میں کسی بھی یونیورسٹی میں بی ایس ماس کمیونیکیشن اور بی ایس کمپیوٹر سائنسز میں داخلہ حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو دیا جاتا ہے۔ ایک سکالرشپ بی ایس ماس کمیونیکیشن اور ایک سکالرشپ بی ایس کمپیوٹر سائنسز میں داخلہ حاصل کرنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جاتا ہے۔ سکالرشپ کا فیصلہ انٹرمیڈیٹ (کسی بھی گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر بی ایس ماس کمیونیکیشن یا بی ایس کمپیوٹر سائنسز میں داخلہ حاصل کرنے کی شرط پر کیا جائے گا۔ موصولہ درخواستوں پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم/ طالبہ کو پچاس، پچاس ہزار روپے کے دو سکالرشپس دیئے جائیں گے۔

مرزا غلام قادر شہید سکالرشپ

یہ سکالرشپ ایسے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جائے گا جس نے پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ ادارہ میں بی ایس کمپیوٹر سائنس میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ سکالرشپ کا فیصلہ انٹرمیڈیٹ (کسی بھی گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد اور بی ایس کمپیوٹر سائنس میں داخلہ حاصل کرنے کی شرط پر ہوگا۔ یہ سکالرشپ موصولہ درخواستوں میں دوسری پوزیشن پر آنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جائے گا۔ اس سکالرشپ کی رقم پچیس ہزار روپے ہوگی۔

نواب عباس احمد خان سکالرشپ
خلیل احمد سولنگی شہید سکالرشپ

یہ سکالرشپس ایسے طلباء وطالبات کو دیا جائے گا جنہوں نے پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ انجینئرنگ یونیورسٹی میں بیچلرز آف انجینئرنگ کی کسی بھی فیلڈ (مثلاً مکینیکل انجینئرنگ، کیمیکل انجینئرنگ وغیرہ) میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ سکالرشپ کا فیصلہ انٹرمیڈیٹ (کسی بھی گروپ) میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد اور انجینئرنگ میں داخلہ حاصل کرنے پر دیا جائے گا۔ یہ سکالرشپ موصولہ درخواستوں میں پہلی اور دوسری پوزیشن پر آنے والے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جائے گا۔ پہلی پوزیشن کیلئے پچھتر ہزار روپے اور دوسری پوزیشن کیلئے پچاس ہزار روپے کی رقم ہوگی۔

غلام احمد خان ظہور و ناصرہ بیگم ظہور سکالرشپ

یہ سکالرشپ ایسے طالبعلم/ طالبہ کو دیا جائے گا جس نے پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ ادارہ سے کیمسٹری، بائیوٹیکنالوجی یا بائیوکیمسٹری میں سے کسی ایک میں بی ایس آنرز پاس کیا ہو۔ انعامات کا فیصلہ موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ موصولہ درخواستوں میں پہلی پوزیشن پر آنے والے

باقی صفحہ 12 پر

منظورشدہ سفارشات شوریٰ 2015ء مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

خلافت سے تعلق بڑھانے کیلئے مشورے اور اقدامات

تجویز بابت خلافت احمدیہ سے تعلق

ایجنڈا کی تجویز نمبر 2 کے الفاظ درج ذیل ہیں۔

سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 29 مئی 2015ء میں فرمایا:

''ایسے عہدیدار بھی ہیں یا ہوتے ہیں جو اپنی اہمیت کی طرف تو توجہ دلانے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ ہم عہدیدار ہیں لیکن خلافت کے بارے میں سمجھتے ہیں کہ سال میں ایک یومِ خلافت منا کر ہم نے فرض ادا کر دیا۔ میں نے پہلے بھی ایک دفعہ بتایا تھا حضرت مصلح موعودؓ کے حوالے سے کہ جتنا زور جماعت کو خلافت سے تعلق کے بارے میں دیا جانا چاہئے اتنا نہیں دیا جاتا۔ اب میرے کہنے پر بعد میں جلسوں میں تقاریر تو شروع ہو گئی ہیں لیکن اس بات کو راسخ کرنے کی بہت ضرورت ہے کہ خلیفہ وقت کی باتوں کو سنو اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کرو۔ اپنا خلافت سے تعلق بڑھاؤ۔ جو لوگ اس بات کو سمجھتے ہیں وہ اپنی حالتوں میں بھی غیر معمولی تبدیلی محسوس کرتے ہیں''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 29 مئی 2015ء بحوالہ الفضل 14 جولائی 2015ء)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مندرجہ بالا ارشاد کی روشنی میں تجویز ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے سال 16-2015ء کو خلافت احمدیہ کی اہمیت و برکات کے اُجاگر کرنے کے حوالہ سے منایا جائے۔ اس سلسلہ میں ایسا ٹھوس، جامع اور مفید لائحہ عمل تیار کیا جائے کہ سارا سال خدام و اطفال کو خلافت احمدیہ کی اہمیت و برکات کے بارہ میں مسلسل روشناس کروایا جاتا رہے اور اس طرح خلافت سے تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر بنایا جا سکے۔

مجوزہ سفارشات شوریٰ

شق نمبر 1

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اُن سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا۔ جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے ان کے دین کو جو اس نے ان کے لئے پسند کیا ضرور تمکنت عطا کرے گا اور ان کی خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔ اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ (النور 56، 57)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''نمازوں کے حوالے سے ہی میں ایک اور بات کہنا چاہتا ہوں ہمیشہ یاد رکھیں کہ خلافت کے ساتھ عبادت کا بڑا تعلق ہے اور عبادت کیا ہے؟ نماز ہی ہے۔ جہاں مومنوں سے دلوں کی تسکین اور خلافت کا وعدہ ہے وہاں ساتھ ہی اگلی آیت میں اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ کا بھی حکم ہے۔ پس تمکنت حاصل کرنے اور نظام خلافت سے فیض پانے کے لئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ نماز قائم کرو، کیونکہ عبادت اور نماز ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے والی ہوگی''۔

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ چہارم صفحہ 173)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کی روشنی میں نماز باجماعت کے قیام، خصوصی دعاؤں، ذکر الٰہی، نوافل اور صدقات کی طرف خدام و اطفال کو خصوصی توجہ دلائی جائے۔

نیز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے 27 مئی 2008ء کو خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 2008ء کے تعلق میں دعاؤں اور عبادت کا جو پروگرام دیا اس پر تمام خدام و اطفال کو مسلسل عملدرآمد کی تلقین کی جائے۔ یہ دعائیں تمام خدام و اطفال کو حفظ کروائی جائیں۔ اس کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا رہے۔ نیز اس کو شائع کروا کر ہر گھر تک پہنچایا جائے۔

شق نمبر 2

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''خلافت کے ساتھ تعلق میں آجکل اللہ تعالیٰ کے فضل سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایم ٹی اے کا بھی ایک ذریعہ دیا ہوا ہے...... اگر تربیت کا شعبہ مستقل خلیفہ وقت سے رابطے کی تلقین کرتا رہے اور خطبات اور جلسوں اور سارے پروگراموں کو دیکھنے کی طرف توجہ دلاتے رہیں تو جہاں خلافت سے مزید تعلق مضبوط ہوگا وہاں تربیت کے بھی بہت سے مسائل حل ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ''۔

(روزنامہ الفضل 8 اکتوبر 2013ء)

تمام خدام و اطفال کو حضور انور کے ایم ٹی اے کے ذریعہ نشر ہونے والے جملہ پروگراموں سے استفادہ کرنے کی طرف بھرپور توجہ دلائی جائے۔

(i) حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات و خطابات کو براہ راست سننے اور سنانے کے حوالے سے بھرپور کوشش کی جائے نیز MTA کے ایسے تمام پروگرامز جس میں حضور انور بنفس نفیس شمولیت فرماتے ہیں اس سے استفادہ کرنے کی خدام و اطفال کو مہم کی صورت میں توجہ دلائی جائے۔ اس سلسلہ میں ہر سطح کے عہدیداران خدام سے مؤثر رابطہ رکھیں۔

(ii) حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واقفین نو اور اطفال کے جن پروگرامز میں شمولیت فرماتے ہیں ان کی اطلاع خدام و اطفال کو بار بار کی جائے۔ نیز ان مستقل پروگرامز کا شیڈیول کارڈ کی صورت میں تیار کر کے گھروں میں آویزاں کروایا جائے اور ان ویڈیوز کے مرکز کی طرف سے تیار کردہ کلپس کی زیادہ سے زیادہ تشہیر کی جائے۔

(iii) تمام عہدیداران حضورِ انور کے ہر ارشاد کا اپنے آپ کو اوّلین مخاطب سمجھتے ہوئے حضورِ انور کے ارشاد کی تعمیل میں خطبات جمعہ کے نوٹس لیں اور پھر حضور کے ارشادات کو آئندہ کا لائحہ عمل بنائیں نیز تمام خدام و اطفال کو نوٹس لینے کی تلقین کریں اور پھر خدام و اطفال کے نوٹس پروگرامز میں چیک کئے جائیں۔

شق نمبر 3

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر مورخہ 27 مئی 2008ء کو لندن سے جلسہ یوم خلافت کے اختتام پر تمام دنیا کے کروڑہا احمدی احباب و خواتین سے عہدِ وفا لیا اور عہد کے بعد فرمایا:

''پس اے مسیح (موعود) کے غلامو! آپ کے درخت وجود کی سرسبز شاخو! میں اُمید کرتا ہوں کہ اس عہد نے آپ کے اندر ایک نیا جوش اور ایک نیا ولولہ پیدا کیا ہوگا۔ شکرگزاری کے پہلے سے بڑھ کر جذبات اُبھرے ہوں گے۔ پس اس جوش اور ولولے اور شکرگزاری کے جذبات کے ساتھ خلافت احمدیہ کی نئی صدی میں داخل ہو جائیں۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ پنجم صفحہ 185)

دورانِ سال تمام اضلاع و مجالس و حلقہ جات اپنے اپنے جلسہ ہائے خلافت میں خدام و اطفال کھڑے ہو کر یہ عہدِ وفا دہرائیں۔

شق نمبر 4

دوران سال پاکستان کی ہر مجلس و ضلع میں کم از کم ہر سہ ماہی میں ایک دفعہ جلسہ خلافت منعقد کروایا جائے اور زیادہ سے زیادہ خدام و اطفال سے فرداً فرداً رابطہ کر کے اِن جلسوں میں شامل کرنے کی کوشش کی جائے۔

شق نمبر 5

شعبہ اشاعت مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان خدام و اطفال کی خلافت سے وابستگی بڑھانے کے لئے کتب و مضامین کی اشاعت کرے۔

(i) ماہنامہ خالد و تشحیذ الاذہان کے خصوصی ''خلافت نمبر'' دوران سال شائع کئے جائیں اور اس کے علاوہ دوران سال ہر شمارے میں خلافت احمدیہ کے حوالے سے مضامین شائع کیے جائیں۔

(ii) خلفائے کرام اور بزرگان کرام پر بچوں کے لئے کتب شائع کی جائیں۔ نیز خلفائے کرام کے متعلق اور خلافت کے موضوع پر بچوں اور خدام کیلئے دلچسپ کتابچے تیار کئے جائیں۔

شق نمبر 6

خلافت کے حوالے سے مختلف موضوعات پر مقالہ جات و مضامین لکھوائے جائیں جس میں زیادہ سے زیادہ خدام و اطفال کو شامل کیا جائے اور نمایاں مضامین لکھنے والوں کو اسناد و انعامات دیئے جائیں۔

شق نمبر 7

تمام اضلاع یا مجالس کی سطح پر حسب حالات دوران سال خصوصی نمائشوں کا اہتمام کیا جائے جس میں خلافت احمدیہ کی برکات کو ظاہر کیا جائے۔

شق نمبر 8

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''اب اگر جلسے نہیں ہوتے تو یہ مطلب نہیں کہ ربوہ صاف نہ ہو بلکہ جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے فرمایا تھا کہ دلہن کی طرح سجا کے رکھو۔ یہ سجاوٹ اب مستقل رہنی چاہئے...... صفائی کا خیال رکھیں اور جہاں بھی نئی عمارات بن رہی ہیں اور تنگ محلوں سے نکل کر جہاں بھی احمدی کھلی جگہوں پر اپنے گھر بنا رہے ہیں وہاں صاف ستھرا بھی رکھیں اور سبزے بھی لگائیں، درخت پودے گھاس وغیرہ لگنا چاہئے۔ ...... خدام الاحمدیہ کو خاص طور پر توجہ دینی چاہئے کہ وہ وقارِ عمل کر کے ان جماعتی عمارات کے ماحول کو بھی صاف رکھیں اور وہاں پھول پودے لگانے کا بھی انتظام کریں...... دنیا میں ہر جگہ جہاں بھی جماعتی عمارات ہیں ان کے اردگرد خاص طور پر صفائی اور سبزہ اس طرح نظر آئے کہ ان کی اپنی ایک انفرادیت نظر آتی ہو۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ اوّل صفحہ 170)

دوران سال حسب حالات تمام اضلاع، مجالس اور بالخصوص ربوہ میں بھرپور وقارِ عمل کا پروگرام ترتیب دیں جن سے علاقہ بھر میں جماعت احمدیہ کے بارہ میں نیک اثر قائم ہو اور جماعت کی فلاحی اور خدمت خلق کے میدان میں خدمات کا تعارف ہو۔

شق نمبر 9

دوران سال یوم خلافت کے جلسوں کے علاوہ معمول کے پروگرام، تربیتی کلاسز، سالانہ اجتماعات کے مواقع پر خلافت کے حوالہ سے اضلاع اور مجالس میں خصوصی پروگرام ترتیب دیئے جائیں۔ نیز خدام الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کے سالانہ پروگرامز مثلاً علمی مقابلہ جات، تربیتی کلاسز وغیرہ میں خلافت کے حوالے سے تقاریر رکھی جائیں۔

شق نمبر 10

دوران سال خلافت کے حوالے سے خصوصی علمی مقابلہ جات کا انعقاد کروایا جائے۔

(i) کوئز خطبات امام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مقابلہ کا انعقاد کروایا جائے اور اعزاز پانے والوں کو نقد انعامات کے علاوہ اگر حضور انور

ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اجازت مرحمت فرمائیں تو حضور پُرنور کی دستخط شدہ اسناد بھی دی جائیں گی۔

(ii) نوجوان شعراء کے درمیان ''خلافت'' کے عنوان پر نظم لکھنے کا مقابلہ کروایا جائے اور اعزاز پانے والے خدام کو انعامات دیئے جائیں۔

شق نمبر 11

دوران سال خلافت احمدیہ سے متعلق حسب ذیل کتب کا خدام و معیار کبیر کے اطفال کو مطالعہ کروایا جائے اور اس کا ہر سہ ماہی میں امتحانی پرچہ بھی لیا جائے (یہ کتب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر پاکستان اور ہندوستان کے لئے منظور فرما چکے ہیں)

(i) الوصیت (از حضرت مسیح موعود)

(ii) منصب خلافت

(iii) اختلافات سلسلہ کی تاریخ کے صحیح حالات

(iv) نظام آسمانی کی مخالفت اور اس کا پس منظر

(v) خلافت حقہ (از حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

شق نمبر 12

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''پس آج کل کھلی فضا میں کھیلنے کی طرف بھی بچوں اور نوجوانوں کو خاص طور پر توجہ دینی چاہئے اور توجہ دلانے کی ضرورت بھی ہے...... آجکل ٹی وی اور اس سے متعلقہ کھیلوں نے جو باہر کی ورزشیں ہیں ان کو بالکل بند کر دیا ہے۔ اگر کوئی مجبوری نہ ہو تو بہر حال سیر اور کھیلیں ہونی چاہئیں۔''

(خطبہ جمعہ 6 فروری 2015ء روزنامہ الفضل یکم اپریل 2015ء)

حضور انور کے خطبہ جمعہ کی روشنی میں کھیلوں کے میدان آباد کرنے کی طرف خصوصی توجہ دیتے ہوئے خلفائے کرام کے نام سے منسوب خصوصی ورزشی مقابلہ جات، ٹورنامنٹس اور سپورٹس ڈے کا انعقاد مرکزی، علاقائی، ضلعی اور مجالس کی سطح پر کروایا جائے۔

شق نمبر 13

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ خلافت سے ذاتی تعلق پیدا کرنے کے حوالہ سے فرماتے ہیں کہ

''آپ کا یہ تعلق ذاتی طور پر خطوط لکھنے سے، باقاعدہ رابطہ رکھنے سے، خلیفہ وقت کے لئے دعا کرنے سے، خلیفہ وقت کو دعا کے لئے لکھنے سے پیدا ہوگا۔ پس یہ تعلق بھی قائم رکھیں اور پھر اس تعلق کو اپنی ذات تک محدود نہ رکھیں بلکہ یہ تعلق پھر آگے بڑھنا چاہئے۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ ہفتم صفحہ 51)

نیز فرمایا:

''مجھے پاکستان سے نوجوانوں کے اخلاص و وفا میں ڈوبے ہوئے جتنے خطوط آتے ہیں وہ یقیناً اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ نوجوان اپنے اس عہد کو پورا کرتے ہیں کہ ہم خلافت احمدیہ کی خاطر اپنے مال، جان، وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار ہیں۔ قربانی کر رہے ہیں اور ہر وقت کرتے چلے جائیں گے اور دشمن کبھی ہمارے قدموں میں لغزش پیدا نہیں کرسکتا۔''

(الفضل انٹرنیشنل 29 فروری 2008ء)

(i) خلافت سے پختہ تعلق قائم کرنے کیلئے خلیفہ وقت سے خطوط کے ذریعہ مستقل رابطہ کے حوالے سے تمام خدام اور اطفال کو بار بار توجہ دلائی جائے کہ وہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعائیہ خطوط مستقل مزاجی سے لکھتے رہیں۔

(ii) خدام اور اطفال کے پروگرامز میں خلفائے کرام کی قبولیت دعا کے حوالے سے واقعات سنائے جائیں اور اِسی طرح کے واقعات ماہنامہ خالد اور تشحیذ الاذہان میں شائع کئے جائیں۔

شق نمبر 14

دوران سال اس بات کی کوشش کی جائے گی کہ خدام الاحمدیہ پاکستان کے عہدیداران مجلس کی سطح پر گھر گھر پہنچ کر پاکستان بھر کے خدام و اطفال سے انفرادی ملاقاتیں کریں اور حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے حضور انور کی طرف سے ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم......'' کا تحفہ پہنچائیں اور بچوں میں تحائف تقسیم کریں۔

شق نمبر 15

خلافت احمدیہ اور خلفاء کرام کے بابرکت ادوار کے حوالہ سے ایم ٹی اے کی تیار کردہ ڈاکومنٹریز خدام و اطفال کے پروگراموں میں دکھائی جائیں۔

شق نمبر 16

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''اس سے کبھی بے خبر نہیں ہونا چاہئے کہ صحبت میں بہت بڑی تاثیر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اصلاح نفس کے لئے کُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ کا حکم دیا ہے جو شخص نیک صحبت میں جاتا ہے خواہ وہ مخالفت ہی کے رنگ میں ہو لیکن وہ صحبت اپنا اثر کئے بغیر نہ رہے گی اور ایک نہ ایک دن وہ اس مخالفت سے باز آجائے گا۔''

(ڈائری حضرت مسیح موعود 26 دسمبر 1903ء)

دوران سال بزرگان سلسلہ و مربیان کرام کے ذریعہ صحبت صالحین کی محافل کا انعقاد کروایا جائے جس میں خصوصی طور پر خلافت اور خلفاء سے ذاتی تعلق کے حوالہ سے ایمان افروز واقعات کا ذکر ہو۔

شق نمبر 17

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی روشنی میں آئندہ سے خدام الاحمدیہ پاکستان کے سالانہ پروگراموں میں خلافت کے موضوعات پر زیادہ سے زیادہ پروگرام رکھے جائیں اور ان میں سو فیصد خدام و اطفال کی شمولیت کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائے تاکہ آنے والی نسلوں کا خلافت سے تعلق پختہ ہوتا رہے اور خلافت احمدیہ کے متوالے اور وفادار خدام پیدا ہوتے رہیں۔

مکرم رفیق احمد کاشف صاحب

بینن میں ہیومینیٹی فرسٹ کا فری میڈیکل کیمپ

بینن میں ہیومینیٹی فرسٹ کے تحت ہسپتال، یتیم خانہ، نلکوں اور کنوؤں کی مرمت، غریبوں کی مدد، میڈیکل کیمپس جیسے پروجیکٹ باقاعدگی سے جاری ہیں۔ اس ماہ جماعت احمدیہ بینن کو اس ادارے کے تعاون سے دو مقامات پر Pediartic کیمپس منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

پہلے میڈیکل کیمپ کا انعقاد Humanity First Hospital Kokotomey میں 13۔ اکتوبر تا 20۔ اکتوبر 2015 کو ہوا۔ اس سلسلہ میں ہسپتال میں ایک باقاعدہ افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

چیئرمین Humanity First Benin مکرم بکری مصلحو صاحب نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور جماعت احمدیہ اور Humanity First کا تعارف پیش کیا۔ اس کے بعد نمائندہ میئر کلاوی نے خیالات کا اظہار کیا اور جماعتی خدمات کو سراہا اور اس کیمپ کے انعقاد پر جماعت اور Humanity First کا شکریہ ادا کیا۔ نمائندہ وزیر صحت نے جماعت شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جماعت احمدیہ کے فلاحی کام نمایاں ہیں۔ جماعت نے ہمارے بچوں کی مدد اور علاج میں قدم بڑھایا ہے اس کے لئے ہم جماعت احمدیہ اور Humanity First کے شکر گزار ہیں۔

محکمہ صحت کے ڈیپارٹمنٹل ڈائریکٹر کی نمائندہ نے سب کو خوش آمدید کہا اور جماعت احمدیہ اور Humanity First کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ بینن کے تمام لوگوں کو دعوت دیتی ہوں کہ وہ آئیں اور یہاں سے علاج کروائیں کیونکہ وہ یہاں محفوظ ہاتھوں میں ہیں اور ان کا علاج مکمل تسلی سے ہوگا۔

گورنر صاحب کی نمائندگی ان کے سیکرٹری جنرل نے کی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت احمدیہ ہمارے بچوں کا مفت علاج کر رہی ہے۔ اس پر ہم جماعت احمدیہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اس خدمت کا احسن رنگ میں اجر دے اور آپ لوگ یونہی انسانیت کی خدمت کرتے چلے جائیں۔ آمین

مکرم امیر جماعت احمدیہ بینن نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

اس ہسپتال میں 138 مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور 52 بچوں کے آپریشن کئے گئے جو خدا تعالیٰ کے فضل سے کامیاب ہوئے۔ الحمدللہ۔ اس تقریب اور کیمپ کے انعقاد کی نیشنل ٹی وی ORTB، نیشنل اخبار La Nation نے خبر دی۔

اس کیمپ کے دوسرے مرحلہ کا انعقاد Ahmadiyya Hospital Parakou میں مورخہ 20 تا 23۔ اکتوبر 2015ء کو ہوا۔ افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مکرم ابراہیم حمزہ صاحب صدر صاحب پاراکو نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد چیئرمین Humanity First نے اس ادارے کا تعارف پیش کیا۔

محکمہ صحت کے ڈیپارٹمنٹل ڈائریکٹر نے کہا کہ ہم جماعت احمدیہ کے بہت شکر گزار ہیں اور یہ جماعت کا ہم لوگوں پر ایک بہت بڑا احسان ہے۔ میں تمام بچوں کے لئے جو یہاں علاج کروا رہے ہیں صحت یابی کی دعا کرتا ہوں۔

گورنر صاحبہ کے نمائندہ نے کہا جماعت ہر سال ہماری مدد کے لئے اس طرح کے پروگرامز کا انعقاد کرتی ہے۔ ہم بہت خوش ہیں اور جماعت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ایک سرجن ڈاکٹر جو جماعتی ہسپتال میں وقتاً فوقتاً کام کرتے رہتے ہیں نے کہا کہ اگر Humanity First اور جماعت احمدیہ اسی طرح ہماری مدد کرتی چلی جائے تو ہم ضرور ترقی کریں گے۔ ہم ہمیشہ جماعت کی مدد کے لئے حاضر ہیں۔

وائس چیئرمین Humanity First جرمنی نے کہا کہ یہاں کے لوگ بہت اچھے ہیں۔ ہماری خدمات کی قدر کرتے ہیں۔ ہم اسی جذبہ کے تحت ہمیشہ آپ کی مدد کرتے رہیں گے۔

امیر صاحب جماعت احمدیہ بینن نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ آپ نے جماعت اور اس کے فلاحی کاموں کو بیان کیا۔ اس کے بعد تمام مہمانوں نے ہسپتال کا وزٹ کیا اور مریضوں کی عیادت کی۔ آخر میں تمام حاضرین کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کیا گئی۔

اس ہسپتال میں 53 مریضوں کو رجسٹرڈ کیا گیا تھا جن میں سے 20 مریضوں کے آپریشن کئے جاسکے۔ اس کی خبر ORTB TV، La Nation اخبار اور ریڈیو Arzeke اور اور ریڈیو Urbane نے نشر کی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اس طرح مقبول خدمت کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین

☆..................☆..................☆

میرے والد محترم چوہدری ہدایت اللہ صاحب نمبردار

الف۔ق۔فرحت

میرے پیارے والد محترم چوہدری ہدایت اللہ صاحب نمبردار چک 35 جنوبی سرگودھا رفیق حضرت مسیح موعود حضرت چوہدری مولا بخش صاحب نمبردار کے فرزند تھے۔ ماہ مئی 1908ء میں جب حضرت مسیح موعود کے وصال کی خبر آئی تو عین اس وقت ابا جان کی پیدائش متوقع تھی۔ دادا جان اس وقت چونکہ اپنی زرعی زمینوں پر رہائش پذیر تھے لہٰذا قرب و جوار میں کوئی ابتدائی طبی امداد میسر نہ تھی۔ حضور کی رحلت کی خبر سنتے ہی دادا جان قادیان جانے کے لئے تیار ہوگئے تا کہ حضور کی نماز جنازہ میں شرکت کرسکیں۔ ان کی روانگی پر میری دادی جان نے فرمایا کہ بچے کی پیدائش متوقع ہے، آپ مجھے کس کے سہارے چھوڑ کے جا رہے ہیں۔ دادا جان نے فرمایا آپ کو اور آپ کے بچے کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ دادا جان قادیان سے لوٹے تو تب ابا جان کی پیدائش ہوئی۔ یوں آپ کی پیدائش جون 1908ء کے پہلے ہفتے میں ہوئی۔

ابا جان عبادت گزار، عمر بھر کے تہجد گزار، دعا و درود اور حمد و ثنا باری تعالیٰ کے پابند تھے۔ رات کے کسی حصہ میں بھی اگر میری آنکھ کھلتی تو میں نے ہمیشہ اپنے والدین کو عبادت کرتے پایا۔ مجھے نہیں یاد پڑتا کہ زندگی بھر ایک صبح بھی ایسی ہو جب میں اٹھوں تو میرے والدین سو رہے ہوں۔ وہ ہمیشہ عبادت میں مشغول یا تلاوت کلام پاک میں محو ہوتے۔

ابا جان با آواز بلند قرآنی اور مسنون دعاؤں کا ورد کرتے رہتے۔ تلاوت بھی با آواز بلند کرتے۔ جب ریڈیو کا دور شروع ہوا تو علی الصبح پروگراموں کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوتا۔ آپ ریڈیو کو سب سے اونچی آواز پر سیٹ کر کے چھت کو جانے والی سیڑھیوں پر سب سے اونچی جگہ پہ رکھ دیتے تا کہ تلاوت کی آواز گھر کے ارد گرد دور دور تک سنی جائے۔ آپ فرماتے کہ لغو گانوں کی آواز تو ہر گھر سے اٹھتی ہے لیکن کلام اللہ کا راگ صرف احمدی گھرانے سے اٹھتا ہے۔

دعوت الی اللہ آپ کی زندگی کا مشن تھا۔ آپ پیغام حق کے انتھک داعی تھے۔ ہمارے گھر کے بالکل سامنے غیر از جماعت مسجد تھی۔ ابا جان بے دھڑک وہاں تشریف لے جاتے۔ انہیں کھل کر دعوت الی اللہ کرتے۔ ببانگ دہل یہ اعلان کرتے کہ مسیح آچکا ہے۔ ان کا یہ روزانہ کا وطیرہ تھا کہ گاؤں میں جہاں کہیں بھی چند زمیندار مل کر بیٹھتے ابا جان انہیں مختلف پیرائے میں دعوت الی اللہ شروع کر دیتے۔ بارہا ایسا ہوتا کہ ایک طرف سب سرکردہ زمیندار صاحبان اور دوسری طرف اکیلے ابا جان انتہائی گرمجوشی سے مسائل پر بحث و مباحثہ کر رہے ہوتے۔ ابا جان کی زبان، انداز، طبیعت اور گفتگو میں اس قدر جوش، خلوص اور سچائی بھری ہوتی کہ تمام لوگ آپ سے اختلاف کے باوجود آپ کے ساتھ بدخلقی یا قطع تعلقی نہ کر پاتے۔

یہ آپ کی شب و روز کی مساعی، درد، دعا اور خلوص ہی تھا کہ چک 35 جنوبی میں احمدیت ایک گھرانے سے نکل کر تقریباً دس گھرانوں میں پھیل گئی جن میں گاؤں کے ایک بی۔ ڈی۔ ممبر صاحب اور ان کا تمام خاندان بھی شامل تھا اور یہ پودا دن بدن قد آور ہو رہا ہے۔ باقاعدگی سے اور بر وقت تمام چندہ جات ادا کرنا، نیز ہر مالی تحریک میں حصہ لینا ان کا شیوہ تھا اور یہ طریق آخری عمر تک جاری رہا۔ ان کی وفات سے قبل ایک ماہ ایسا آیا جس میں ان کے پاس گھر میں کوئی مرد نہ تھا جو چندہ دفاتر میں جمع کروا سکتا۔ ان کے پوتے عزیزم حامد احمد جن کے پاس ان کا مستقل قیام تھا، جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کے لئے گئے ہوئے تھے۔ اس دوران زمین سے سال بھر کا مالیہ وصول ہوا۔ آپ نے گھر میں بغیر کسی کو بتائے رکشہ منگوایا اور دفاتر چلے گئے اور تمام ادائیگی کی۔ رستے میں کسی مستحق کو کچھ پیسے دینے کے لئے رقم کی تھیلی ڈھونڈی تو اس میں سے سو سو روپے کے نوٹ غائب تھے۔ رکشے والے نے کہا کہ آپ نے چوکیدار کو اس تھیلی میں سے پیسے دیئے تھے، ممکن ہے وہاں گر گئے ہوں۔ چلیں واپس چل کے اس سے پتہ کرتے ہیں۔ یہ قیافہ درست تھا، چوکیدار نے ایک سو روپیہ انتہائی ایمان داری سے آپ کی امانت کے طور پر سنبھال کے رکھا تھا۔ پھر رکشے والے نے کہا کہ ہمارے آگے ایک عورت پیدل جا رہی تھی اور وہ مرزا حفیظ احمد صاحب کے گھر داخل ہوئی تھی۔ چلیں ان کے گھر سے پتہ کرتے ہیں۔ اس ذہین اور زیرک رکشہ ڈرائیور کی یہ بات بھی صحیح نکلی۔ اس خاتون نے فوراً اندر سے ایک سو روپے کا نوٹ لا کے آپ کو دے دیا جو اسے رستے میں گرا ہوا ملا تھا اور اس نے امانتاً سنبھال کے رکھ لیا تھا۔ آپ نے وہ دونوں نوٹ رکشے والے کو دینے کی کوشش کی لیکن اس مومن شخص نے کرائے سے زائد رقم لینے سے انکار کر دیا۔ آپ گھر واپس تشریف لائے تو دونوں نوٹ گھر کی ملازمہ کو بچوں کے لئے دے دیئے۔

ایک وقت تھا جب آدھی زرعی زمین کی ساری آمدن آپ نے چندوں کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ اپنے والدین، مرحوم رشتہ داروں اور تمام اولاد کی طرف سے چندے ادا کرتے۔ آپ فرماتے کہ اپنے لئے تو میں اگلے جہان کے بینک میں جمع کر رہا ہوں وہاں اجر بہت زیادہ ملتا ہے۔

جمعہ کی نماز آخر دم تک ادا کی۔ لندن میں قیام کے دوران ہر خطبہ جمعہ بیت الفضل میں حتی المقدور حضور انور کے قریب اور روبرو ہو کر سنا۔ ایک موقع پر حضور نے ان کے بیت میں اس طرح بیٹھنے کا تذکرہ بھی فرمایا۔ ساری عمر باقاعدگی سے رمضان کے پورے روزے اور شوال کے چھ روزے رکھے چاہے وہ کوئی بھی مہینہ اور کیسا بھی موسم تھا۔ جب حضور انور نے نفلی روزوں کی تحریک فرمائی تو پھر نفلی روزوں کا سلسلہ بھی شروع کر لیا۔

اپنے والدین کے بے حد خدمت گزار تھے۔ وہ بتاتے تھے کہ میں اپنے والد صاحب سے کبھی آنکھ ملا کے بات نہ کرسکتا تھا۔ ان کے حکم کے آگے چون و چرا کا تصور بھی نہ تھا۔ ان کے نمونہ عمل کو میں ہمیشہ آئیڈیل مانتا تھا۔ میں نے انہیں اپنی ماں کی برسوں خدمت کرتے دیکھا ہے۔ وہ ایک لمبا عرصہ تک صاحب فراش رہیں اور ہماری والدہ دن بھر ان کی ضروریات کا خیال کرتی تھیں۔ لیکن دن کے مختلف حصوں میں اور خاص طور پر رات سونے سے قبل ابا جان ضرور ان کے ساتھ بیٹھتے۔ ان کو دباتے۔ وضو کرواتے۔ ان کی سائیڈ بدلتے۔ ان کو سارے گاؤں کی چھوٹی چھوٹی خبریں بتاتے تا کہ وہ اپنے آپ کو اکیلا اور الگ نہ محسوس کریں۔ ان کی خوراک کا خاص خیال رکھتے۔ مختلف اجزا خود پیس کر ان کے لئے کمر کس نسخہ تیار کرتے۔ علی الصبح نماز تہجد کے لئے ان کو پھر وضو کرواتے۔ اپنی چھوٹی والدہ کو بھی اتنی ہی عزت دیتے جتنی اپنی والدہ کو دیتے تھے۔

اپنے بہن بھائیوں کا بے حد احترام کرتے۔ ہمارے تایا جان کی وفات پر ان کی وصیت کا جھگڑا کچھ پیچیدہ ہوگیا تو تڑپ اٹھے۔ خود دفتروں کے چکر لگاتے تا کہ ان کے وصیت کے سلسلے میں امور کو سیٹ کرسکیں۔ میں نے ان دنوں انہیں بے حد کرب میں دیکھا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے وہ ان کی وصیت کا حساب سیٹ کرنے میں اپنے مال، جان الغرض ہر چیز کی بازی لگانے کے لئے تڑپ رہے ہوں۔ اپنے حصہ جائیداد میں سے آدھا مربع زمین اپنے چھوٹے بھائی چوہدری عطاء اللہ صاحب مرحوم پروفیسر تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی اولاد کے نام کر دی۔ اپنی زندگی میں اپنی ساری زمین اپنی ساری اولاد کے نام شرعی طور پر منتقل کر کے گاؤں میں یہ ریت ڈالنے کی کوشش کی کہ لڑکیوں کو باپ کی جائیداد میں سے حصہ دینا دین حق کا حکم ہے۔ گاؤں کے لوگ لڑکیوں کو حصہ دینے سے کتراتے تھے۔ آپ نے پہل کر کے دوسروں کے لئے عملی نمونہ پیش کیا۔

عورتوں کی تعلیم کے لئے ابا جان کی مساعی انتہائی قابل ذکر ہیں۔ بچیوں کی تعلیم پر بے حد زور دیتے۔ اپنی تمام بچیوں کو ربوہ تعلیم کے لئے بھیجا اور تمام زمین داروں کو بھی بیٹیوں کی تعلیم کی مسلسل تحریک کرتے رہتے۔ گاؤں کی لڑکیوں کے لئے ایک سکول ہمارے دادا جان نے اپنے گھر کی بیٹھک میں قائم کیا تھا اور اپنی جیب سے پندرہ روپیہ ماہوار پر ایک استاد تعینات کیا جو ان بچیوں کو تعلیم دیتا۔ گاؤں میں غیر احمدی مولوی نے اس سکول کی مخالفت کی اور سب کو ہمارے گھر کے سکول میں آنے سے منع کیا۔ ایک محفوظ ماحول میں مفت تعلیم کے پیش نظر آہستہ آہستہ کئی زمینداروں نے اپنی بچیوں کو ہمارے سکول میں داخل کرا دیا۔ افادیت بڑھتی گئی تو مولوی صاحب نے نہ صرف مخالفت چھوڑ دی بلکہ اپنی بچیوں کو بھی اسی سکول میں داخل کرا دیا۔

دادا جان کی وفات کے بعد ابا جان نے خود زمین لے کر اس پر بیت الذکر بنوائی اور ساتھ ایک عدد بیٹھک اور برآمدہ تعمیر کروایا اور اس حصے کو بطور سکول وقف کر دیا۔ اپنے گھر کی دو بچیوں کو ٹیچر ٹریننگ دلوائی تا کہ مرد استاد کی بجائے لڑکیاں خواتین ٹیچرز سے تعلیم حاصل کرسکیں۔ ان دونوں کی شادی کے بعد ابا جان نے ایک کرسچین ٹیچر کو منگوایا تا کہ لڑکیوں کی تعلیم منقطع نہ ہو۔ استانی جی کو اپنے گھر کا ایک حصہ رہائش کے لئے دیا اور شروع میں خود ہی ان کے طعام وغیرہ کا ذمہ بھی لیا۔

ایک کمرے سے شروع ہونے والا یہ پرائیویٹ سکول ایک لمبے عرصہ بعد گورنمنٹ سکول کی حیثیت سے منظور ہوگیا۔ سالہا سال بعد اس کو گورنمنٹ کی طرف سے ایک احاطہ اور پھر ایک مختصر سی پکی عمارت بھی مل گئی۔ آج یہی سکول انٹرمیڈیٹ کالج ہے اور اس کی شاندار پختہ عمارت اور اپنا سٹاف ہے۔ اس سے نہ صرف گاؤں کے لوگ بلکہ ارد گرد کے دیہات بھی استفادہ کر رہے ہیں۔

ابا جان اپنے بھائیوں میں سے دوسرے نمبر پر تھے اور قانون کے مطابق والد کی جائیداد صرف بڑے بیٹے کو وراثت میں ملتی تھی۔ ایک دفعہ آپ اپنے والد صاحب کو گھوڑے پر سوار کیے سفر سے گاؤں واپس لوٹ رہے تھے۔ گھوڑے کی لگام پکڑے آپ خود پیدل ساتھ چل رہے تھے۔ ابھی گاؤں سے تھوڑی دور ہی تھے کہ ایک صاف آواز آئی۔ ہدایت اللہ۔ آپ نے ادھر ادھر دیکھا لیکن کوئی دور پار دکھائی نہ دیا۔ ابھی چند قدم ہی آگے چلے تھے کہ دوبارہ وہی آواز آئی۔ دوبار نظر دوڑائی لیکن کوئی دکھائی نہ دیا۔ گھر آ کر کئی لوگوں سے استفسار کیا لیکن کوئی بھی شخص ایسا نہ تھا جس نے آپ کا نام پکار کے آواز دی ہو۔ ابا جان کہتے ہیں کہ میں جب بھی اس جگہ سے دوبارہ گزرتا وہ آواز میرے ذہن میں پھر سے گونج اٹھتی۔ چند سال بعد ہمارے دادا جان نے وہی زمین خرید کر ابا جان کے نام لگوا دی۔ تب ابا جان کو یقین ہوگیا کہ یہ آواز پہلے سے ان کے لئے خوشخبری تھی کہ ہدایت اللہ تم اپنی زمین میں سے ہی گزر رہے ہو۔

ابا جان بے حد دعا گو تھے۔ ان کی بے شمار دعائیں معجزانہ رنگ میں ان کی زندگی میں پوری ہوئیں۔ خدا تعالیٰ نے آخر دم تک انہیں کامل حواس، کامل بینائی، کامل شنوائی اور چلنے پھرنے والی زندگی سے نوازا۔ پچانوے سال کی عمر میں بھی اخبار اور قرآن پاک بغیر عینک کے پڑھتے۔ آخری دنوں تک اپنے سارے کام خود کئے۔ عمر بھر محتاجی سے محفوظ رہے۔ اپنی ساری اولاد سے مطمئن تھے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں علی الصبح ان کا وصال ہوا اور اسی دن بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔ لاتعداد لوگ دور دراز سے جنازے میں شمولیت کے لئے پہنچ گئے اور اس شام اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔ اگلا دن عید کا دن تھا۔

